25جون2024ء

**اسٹیٹ بینک مائیکرو، چھوٹی اور درمیانے حجم کی انٹرپرائزز کا دن 27جون 2024ء کو منائے گا**

مائیکرو، چھوٹی اور درمیانے حجم کی انٹرپرائزز (ایم ایس ایم ایز) کے متعلق اقوام متحدہ کے دن کے موقع پر بینک دولت پاکستان میں جمعرات 27جون 2024ء کو ایک سیمینار منعقد کیا جائے گا۔ "ایم ایس ایم ای مالیات: شمولیتی نمو کا محرک" کے عنوان سے منعقد کیے جانے والے سیمینار کے انعقاد کا مقصد شمولیت پر مبنی معاشی نمو، روزگار کے مواقع کی تخلیق اور غربت میں کمی کے حوالے سے ایم ایس ایم ایز کے کلیدی کردار کا اعتراف کرنا ہے۔ تقریب کے دوران اسٹیٹ بینک اور مالی ادارے مائیکرو، چھوٹی اور درمیانے حجم کی انٹرپرائزز (ایم ایس ایم ایز) کو قرضوں میں پائیدار اضافے کے ذریعے اس شعبے کی ترقی کو تقویت اور تحریک دینے کے متعلق اپنے عزم کا اعادہ کریں گے۔

شمولیت پر مبنی نمو کے حصول میں مائیکرو، چھوٹی اور درمیانے حجم کی انٹرپرائزز کے کلیدی کردار کو بھرپور جذبے اور عزم کے ساتھ سراہنے کی خاطر یہ دن منانے کے لیے ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن کے 16 فیلڈ دفاتر میں خصوصی تقریبات منعقد کی جائیں گی تاکہ نمایاں مائیکرو، چھوٹی اور درمیانے حجم کی انٹرپرائزز، بینکوں اور علاقائی تجارتی تنظیموں کو شرکت اور اس شعبے کی نمو کو تحریک دینے کی خاطر شراکت داریاں بنانے کے لیے ایک پلیٹ فارم مہیا کیا جاسکے۔ اس کے ساتھ مالی ادارے بھی مائیکرو، چھوٹی اور درمیانے حجم کی انٹرپرائزز کا دن منانے کے لیے سوشل میڈیا مہمات، صدر دفاتر / علاقائی دفاتر میں تقریبات کے انعقاد اور ایم ایس ایم ایز کے لیے مشاورتی کلینکس منعقد کرکے اس دن کی افادیت کو اجاگر کریں گے۔

*****